نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرصدارت ایم این ایس زرعی یونیورسٹی ملتان میں کاٹن مہم 2024 کی پہلی باقاعدہ میٹنگ کا انعقاد

کپاس کے پیداواری اہداف کے حصول کیلئے اس سال زیادہ محنت، جذبے اور جانفشانی کے ساتھ کام کیا جائے۔سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو

لاہور:30مارچ2024(   ) سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیرِصدارت کاٹن مہم 2024 کی پہلی باقاعدہ میٹنگ کا انعقاد ہوا جس میں بنیادی نوعیت کے مسائل، چیلنجز اور اہداف کے متعلق جائزہ لیا گیا۔اجلاس کے دوران سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ محکمہ زراعت کے مختلف ونگز کی متفرق ڈیوٹیاں ختم کر دی گئی ہیں تا کہ کپاس کی بوائی اور چنائی تک کاشتکاروں کے شانہ بشانہ شریک ہوں۔سیکرٹری زراعت پنجاب نے تمام ڈویژنل ڈائریکٹرز زراعت توسیع کو آج کی میٹنگ میں ہونے والے فیصلوں سے متعلق ڈویژنل کمشنرز اور تمام ڈپٹی ڈائریکٹرز کو متعلقہ ڈپٹی کمشنرز سے میٹنگ کرنے بارے ہدایات کیں۔انھوں نے کپاس کے علاقوں میں پانی کی فراہمی کیلئے محکمہ آبپاشی کے حکام کو آن بورڈ لینے اور کاشتکاروں کی آگاہی کیلئے آئندہ 15 دنوں کی موسمی پیشن گوئی کو مدِنظر رکھ کر ایڈوائزری جاری کرنے کی ہدایات کیں۔سیکرٹری زراعت افتخار علی سہو نے کہا کہ اسمال لمز (LIMS) کے تعاون اور آئی ٹی کے استعمال سے زراعت کے فیلڈ اسٹاف کی ڈیجیٹل مانیٹرنگ کی جائے گی۔انھوں نے مزید کہا کہ گزشتہ سال کی نسبت اس سال مہم زیادہ محنت اور جذبے کے ساتھ چلائی جائے تا کہ کپاس کے پیداواری اہداف کا حصول ممکن ہو سکے۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب ثاقب علی عطیل نے کہا کہ کپاس کے کیڑوں کے کنٹرول کیلئے آئی پی ایم ماڈل کو اپنایا جائے۔اس کے علاوہ کپاس کی کاشت سے قبل زمین کی سخت تہہ کو توڑا جائے تا کہ پودوں کی غذائی ضروریات پوری ہو سکیں۔اجلاس میں سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب ثاقب علی عطیل، وائس چانسلر ایم این ایس زرعی یونیورسٹی ملتان ڈاکٹر اشتیاق احمد رجوانہ، چیئرپرسن نیشنل سیڈ اتھارٹی ڈاکٹر آصف علی، کنسلٹنٹ محکمہ زراعت پنجاب ڈاکٹر انجم علی، ڈائریکٹر جنرلز زراعت (توسیع و پیسٹ وارننگ)، ڈائریکٹر زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں سمیت محکمہ زراعت توسیع کے ڈویژنل ڈائریکٹرز، ڈپٹی ڈائریکٹرز اور ترقی پسند کاشتکار حسن رضا، خالد محمود کھوکھر نے شرکت کی۔

☆☆☆☆